

کاروانِ شہادت
مدینہ تا مدینہ منزل بہ منزل
تالیف
علامہ محمد علی فاضل
دمشق
کربلا
کوفہ
قصر بنی مقاتل
قطقطانیہ
عذیب الہجانات
ذوحسم
شراف
بطن عقبہ
القاع
زبالہ
ثعلبیہ
زرود
شقوق
خزیمیہ
اجفر
فید
حاجز
مدینہ منورہ
ذات عرق
وادی صفراء
وادی عقیق
صفاح
تنعیم
ابطح
مکہ معظمہ
بحیرہ احمر
کاروان شہادت

قال سیّد الشّھدآء ابو عبد الله الحسین علیه السلام :

............اِنَّما خَرَجتُ لِطَلَبِ الاِصلاحِ فِی اُمَّةِ جَدِّی............

کاروانِ شہادت

مدینه تا مدینه، منزل به منزل

HadiTV

تالیف

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد علی فاضل مدظلہ العالی

ناشر:

مکتبۃ الہادی

جامعۃ الکوثر ۔ اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعارف کتاب

نامِ کتاب: کاروانِ شہادت، مدینہ تا مدینہ، منزل بہ منزل

تالیف: حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد علی فاضل

پیشکش: ہادی ٹی وی اسلام آباد مرکز

ناشر: مکتبۃ الہادی _ جامعۃ الکوثر **اسلام آباد**

تعاون: جامعہ امام جعفر صادق علیہ السلام (رجسٹرڈ)
راجن پور، پنجاب پاکستان

فنی تعاون: مہدی فاضل

ملنے کا پتہ: مکتبۃ الہادی - جامعۃ الکوثر سیکٹر H-8/2
اسلام آباد فون: 0333-6446072

اشاعت دوم: 2010ء

ہدیہ: 350/- روپے

اختتام شب

''کتاب نفس المہموم'' میں شیخ صدوق علیہ الرحمہ سے نقل کیا گیا ہے کہ، جوں جوں شب عاشور! اپنے اختتام کے قریب ہوتی جارہی تھی اور سپیدۂ سحر نمودار ہونے والا ہی تھا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی اچانک مختصر سی آنکھ لگ گئی اور بیدار ہونے کے بعد اپنے اصحاب سے فرمایا:

''اِنِّی رَأَیْتُ فِی مَنامِی کَأَنَّ کِلَابًا قَدْ شَدَّتْ عَلَیَّ تَنْتَهِشُنِیْ وَفِیهَا کَلْبٌ اَبْقَعُ، رَأَیْتُهٗ اَشَدَّهَا، وَاَظُنُّ اَنَّ الَّذِیْ یَتَوَلّٰی قَتْلِی رَجُلٌ اَبْرَصُ مِنْ هٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ''

میں نے خواب میں دیکھا کہ کچھ کتے مجھ پر بڑی شدت کے ساتھ حملہ آور ہو رہے ہیں، اور ان میں سے زیادہ حملے سیاہ وسفید رنگ کا کتا کر رہا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اب میری شہادت قریب ہے اور میرا قاتل برص کا مریض ہوگا۔

پھر فرمایا:

''وَاِنِّی رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ ذَالِکَ وَ مَعَهٗ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ وَهُوَ یَقُوْلُ اَنْتَ شَهِیْدُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ ......عَجِّلْ وَلَا تُؤَخِّرْ ......''

اس کے بعد میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ اپنے کچھ اصحاب کے ساتھ تشریف لائے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ ''تم اس امت کے شہید ہو...... آج رات کا کھانا تم نے ہمارے ساتھ کھانا ہے، پس اب جلدی کرو دیر نہ کرو......''

''هٰذَا مَا رَأَیْتُ قَدْ اَنِفَ الْاَمْرُ وَاقْتَرَبَ الرَّحِیْلُ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَاشَکَّ فِیْهِ''

تو اے میرے باوفا اور جاں نثار ساتھیو! یہ خواب اس بات کی علامت ہے کہ میری اجل بہت قریب ہے اور بغیر کسی شک وتردید کے اس فانی دنیا سے بہت جلد کوچ کرنے والا ہوں۔